السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S)

# یومِ ولادتِ امام حسین علیہ السلام کی دعا

## 3 شعبان کے دن کی دعا

اے معبود! بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں
آج کے دن پیدا ہونے والے مولود کے واسطے سے
کہ جس کے پیدا ہونے اور دنیا میں آنے سے پہلے اُس سے شہادت
کا وعدہ لیا گیا تو اُس پر آسمان رویا اور جو کچھ اس میں ہے اور زمین
اور جو کچھ اس پر ہے روئے جبکہ اُس نے زمین مدینہ پر قدم نہ رکھا تھا
وہ گریہ والا شہید اور کامیاب و کامران خاندان کا سیّد و سردار ہے رجعت کے دن۔

**یہ اُس کی شہادت کا بدلہ ہے کہ پاک آئمہ (ع) اُس کی اولاد میں سے ہوئے
اُس کی خاکِ قبر میں شفاء ہے اور اُس کی بازگشت میں کامیابی
اُسی کے لیے ہے اور اوصیاء اُسی کی اولاد میں سے ہیں۔۔۔**

(مفاتیح الجنان۔ 3 شعبان کے اعمال کی دعا سے ماخوذ)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین




حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا

## بے شک حسین علیہ السلام ہدایت کے چراغ اور نجات کی کشتی ہیں اور ہر نیکی کے پیشوا۔۔


+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسہ القائم

# امام حسین علیہ السلام کی ولادت پر حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا گریہ



شیخ عباس قمیؒ تحریر فرماتے ہیں: حضرت امام حسین علیہ السلام اپنے نانا رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گود میں تھے جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرشتوں نے مبارکباد اور واقعۂ شہادت بیان کر کے تعزیت پیش کی۔

رسولِ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نواسے کو پیار کیا، گریہ کیا اور ارشاد فرمایا:

اے نورِ نظر۔! تمہیں بہت عظیم مصائب کا سامنا ہے۔ پھر دعا کیلئے ہاتھ بلند کر کے فرمایا:

خداوندا۔! حسین علیہ السلام کے قاتلوں پر لعنت فرما۔۔ (منتہی الامال جلد ۱ ص ۵۹۰)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین

# بھائی بہن کی محبت

ایک مرتبہ دن کا وقت تھا، دھوپ نکلی ہوئی تھی
ثانیٔ زہراؑ جنابِ زینبؑ محو خواب تھیں اور سورج
کی کرنیں آپؑ کے چہرۂ اقدس پر پڑ رہی تھیں
ممکن نہ تھا کہ امام حسینؑ سایہ کا انتظام کر پاتے
لہٰذا خود اِس طرح بہنؑ کے قریب کھڑے ہو گئے
کہ آپؑ کا سایہ جنابِ زینبؑ پر پڑنے لگا اور
جنابِ زینبؑ تمازتِ آفتاب سے بچی رہیں۔۔

(زندگانی حضرت زینب (علیها السلام) رسالتی از خون و پیام)
ڈاکٹر علی قائمی

زینب
حسین

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین

# امام حسین علیہ السلام کی سیرت کا ایک اہم پہلو

روایت میں ہے کہ عاشور کے دن امام حسین علیہ السلام
کی پشتِ مبارک پر کچھ نشانات تھے۔
امام زین العابدین علیہ السلام سے اُن کی وجہ معلوم کی گئی۔
آپ علیہ السلام نے فرمایا: یہ نشانات اُس بوجھ کے ہیں
جو آپ علیہ السلام اپنی پشت پر اٹھا کر بیواؤں، یتیموں
اور بیکسوں کے گھروں میں پہنچاتے تھے۔۔

(مناقب ابنِ شہر آشوب، ج4، ص66)



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین

# روزانہ زیارت امام حسین علیہ السلام کرنے کا ایک آسان طریقہ

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے سدیر (راوی) سے فرمایا: آیا تم ہر روز قبرِ حسینؑ کی زیارت کرتے ہو۔؟ میں نے کہا میں آپؑ پر قربان جاؤں، نہیں۔ اِس پر آپؑ نے فرمایا کہ تم کس قدر جفاکار ہو۔ کیا ہر جمعہ/ ہر ماہ/ ہر سال زیارت کرتے ہو۔؟ میں نے کہا کہ کچھ سال ایسے تھے کہ جن میں زیارت کی ہے۔ تب امامؑ نے فرمایا: اے سدیر۔! تم لوگ امام حسینؑ کے ساتھ کیسی جفا کرتے ہو...... (پھر امامؑ نے زیارتِ امام حسینؑ کی فضیلت بیان فرمائی، پھر سوال کیا)...... تم ہر جمعہ کو پانچ مرتبہ اور ہر دن میں ایک مرتبہ روضۂ حسینؑ کی زیارت نہیں کرتے۔؟ میں نے کہا آپؑ پر فدا ہو جاؤں، ہمارے اور روضۂ حسینؑ کے درمیان کئی فرسخ کا فاصلہ ہے۔ آپؑ نے فرمایا: اپنے گھر کی چھت پر جاؤ (کھلے آسمان کے نیچے) پھر دائیں بائیں دیکھو اور اپنا سَر آسمان کی طرف بلند کرو اور روضۂ اقدس کی سمت اشارہ کر کے کہو:

اَلسَّلَامُ عَلَیکَ یَا اَبَاعَبدِاللّٰہِ اَلسَّلَامُ عَلَیکَ وَرَحمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہُ

پس اِس سے تمہارے لئے ایک زیارت لکھی جائے گی اور وہ زیارت حج و عمرہ کے برابر ہوگی۔ سدیر کا بیان ہے کہ کئی بار ایسا ہوتا ہے کہ میں مہینے میں بیس مرتبہ سے بھی زیادہ یہ عمل کرتا تھا۔

(مفاتیح الجنان، قبرِ حسینؑ کی خاک کے فوائد)


+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

ایک شخص نے امام حسینؑ سے عرض کی:
فرزندِ رسولؐ میں آپؑ کا شیعہ ہوں
آپؑ نے فرمایا: ہمارے شیعہ وہ ہیں
جن کے دل ہر قسم کے مکروفریب اور
خیانت وکینہ سے محفوظ ہیں

(بحوالہ کتاب: بحارالانوار جلد ۶۸)

امام جعفرِ صادق علیہ السلام نے فرمایا

ہمارے لئے باعثِ زینت بنو ، باعثِ ننگ و عار نہ بنو
اے شیعو۔! اپنی زبانوں پر قابو رکھو، فضول باتیں نہ کیا کرو

(بحارالانوار جلد ۶۸)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین

انصار کا ایک آدمی امام حسینؑ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان سے اپنی حاجت طلب کرنا چاہتا تھا، امامؑ نے اُس سے فرمایا: اے بھائی، اپنی عزت کا خیال رکھو، اپنی حاجت کو ایک کاغذ پر لکھو اور مجھے دو انشاء اللہ تمہیں راضی کروں گا۔

اُس آدمی نے لکھا: میں فلاں شخص کے پانچ سو دینار کا مقروض ہوں اور وہ واپس لینے میں اصرار کر رہا ہے۔ آپؑ سے تقاضا کر رہا ہوں کہ اِس سے کہیں کہ مجھے اتنی مہلت دے جب تک میں آمادہ کر پاؤں۔

جب امام حسینؑ نے اسے پڑھا فوراً گھر تشریف لے گئے اور ایک تھیلی جس میں ہزار دینار تھے لاکر اُسے دی اور فرمایا: پانچ سو دینار سے اپنا قرض ادا کرو اور پانچ سو اپنے پاس محفوظ رکھو تاکہ مشکلات میں تمہاری مدد ہو سکے۔

اور یاد رکھو اپنی حاجت کو اِن تین آدمیوں کے علاوہ کسی سے طلب نہ کرنا دیندار، سخی، وہ شخص جو شریف خاندان سے تعلق رکھتا ہو۔۔

(تحف العقول ص 245)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

السلام على الحسين و على علي بن الحسين و على اولاد الحسين و على اصحاب الحسين




+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین

# امام حسینؑ کا بڑے بھائی کا احترام ملاحظہ کریں

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S)



امام حسینؑ ہمیشہ اپنے بھائی امام حسنؑ کا احترام کرتے تھے اور بھائی کے سامنے بولنے سے پرہیز کرتے تھے۔ کبھی بھی امام حسنؑ سے قدم آگے نہیں بڑھاتے تھے اور جہاں وہ دونوں موجود ہوتے تھے، کبھی بھی بولنے میں سبقت نہیں کرتے تھے اور اظہارِ خیال نہ کرتے تھے۔ حتیٰ اس کے باوجود کہ مدینہ میں جود و سخاوت کے حوالے سے شہرتِ تامّ رکھتے تھے مگر سخاوت اور بخشش میں بھی آپؑ کی کوشش رہتی تھی کہ امام حسنؑ کے احترام کا لحاظ رکھا جائے۔

مروی ہے کہ ایک محتاج شخص امام حسنؑ کی خدمت میں حاضر ہوا اور امام حسنؑ نے کچھ رقم امداد کے طور پر اس کو عطا کی اور پھر مزید مدد حاصل کرنے کی غرض سے امام حسینؑ کی خدمت میں حاضر ہوا تو امام حسینؑ نے بھائی حسنؑ کی عطا کردہ رقم سے آگہی حاصل کرنے کے بعد بھائی کے احترام کا پاس رکھتے ہوئے، اس شخص کو امام حسنؑ کی عطا کردہ رقم کی نسبت ایک دینار کم کر کے عطیہ دیا۔

شیخ صدوق؛ الخصال، ج1، ص135؛ علامہ مجلسی؛ بحار الانوار، ج43، ص333

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین

حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا

# حاجت مند نے تم سے سوال کر کے
# اپنی عزت و آبرو کا خیال نہیں کیا
# اب تم اُسے خالی نہ پلٹا کر اپنی آبرو بچالو۔۔

(میزان الحکمۃ [منتخب] آقائے ری شہری)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین

# حیاء مَرد کا بھی زیور ہے

امام حسنؑ اور امام حسینؑ (اپنی کمسنی کے زمانے میں)

ایک دن لمبے کپڑے پہن کر دریائے فرات میں اُتر گئے۔

ایک شخص نے کہا: آپ دونوں کے لباس خراب ہو گئے ہیں۔

انہوں نے جواب میں فرمایا:

دین و حیاء کے خراب ہونے سے بہتر ہے کہ لباس خراب ہو جائے۔۔

(بحار الانوار جلد ۴۳ ص ۳۲۰)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین




+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین



السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین

# حضرت امام حسین علیہ السلام کی نماز

حضرت امام مہدی علیہ السلام فرماتے ہیں کہ

میرے جدّ، حضرت امام حسین علیہ السلام نماز میں

رکوع و سجود کو بہت طول دیا کرتے تھے۔۔

(نفس المہموم جلد4)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین




+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین

# معصومین علیہم السلام کو تحفہ دیجئے اور اپنے تحفے سے بہتر تحفہ لیجئے۔۔

ایک کنیز نے امام حسین علیہ السلام کو ایک گلدستہ پیش کیا۔ اس کے بدلے میں امام حسین علیہ السلام نے اُسے آزاد کر دیا۔ امامؑ سے کہا گیا کہ آپؑ نے صرف گلدستے کے بدلے اُسے آزاد کر دیا۔؟ آپؑ نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے ہمیں قرآن میں یہ تعلیم دی ہے کہ:

جب تمہیں کوئی تحفہ دیا جائے تو اُس سے بہتر تحفہ دو یا کم از کم ویسا ہی لوٹا دو۔۔

(سورۂ نساء آیت ۸۶)

**اِسے آزاد کر دینا گلدستے سے بہتر تحفہ تھا۔۔**

(آئمہ اہل بیت علیہم السلام فکری و سیاسی زندگی ۔ رسول جعفریان)

آیئے ہم بھی معصومین علیہم السلام کو ہدیہ پیش کریں۔ درود کی تسبیح پڑھ کر ہدیہ کر دیں، قرآن کی کسی سورہ کی تلاوت کر کے ہدیہ کر دیں، غرض کوئی بھی نیک کام انجام دے کر معصومین علیہم السلام کو ہدیہ کر دیں تو یقیناً جو تحفہ معصومین علیہم السلام کی طرف سے آئے گا وہ ہمارے تحفے سے بہت بہتر ہوگا۔۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین




+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین

# فقہاء و مجتہدین امام حسین علیہ السلام کی نگاہ میں

حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا

معاشرے کے تمام معاملات اور شریعت کے تمام احکام
پر عمل درآمد کروانے کا اختیار اُن علماء کے ہاتھ میں ہے
جو خدا کی پہچان کراتے ہیں اور
حلال و حرام کے مسئلوں میں اُس کے امین ہیں۔۔

(تحف العقول ص ۱۲۹)

حسین

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین



# نماز میں خشوع وخضوع پیدا کرنے کا بہترین نسخہ

آیت اللہ سیّد عبدالہادی شیرازیؒ نماز سے پہلے ایک جملہ کہہ کر نماز کی تکبیرۃ الاحرام کہا کرتے تھے اور وہ جملہ یہ تھا :

## اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰہِ الْحُسَیْنُ



فرماتے تھے کہ: "نماز کی تکبیرۃ الاحرام سے پہلے امام حسینؑ کی زیارت کا یہ مختصر جملہ نماز میں خشوع وخضوع پیدا کرنے کے لئے بہت مجرّب ہے"۔۔


اور کیوں نہ ہو۔! وہ شخصیت جس نے اسلام کی حفاظت کی اور نماز کو بچایا اور جس کی وجہ سے آج لوگ نمازیں ادا کر رہے ہیں وہ امامِ حسینؑ ہی کی ذاتِ گرامی تھی اُن کو یاد کر کے نماز کو شروع کرنا یقیناً اس میں خشوع وخضوع پیدا کرنے کا سبب ہوگا۔۔

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین



حضرت سکینہؑ نے اپنے آپ کو بابا کی لاش پر گرایا،
سسکیاں لیتے ہوئے بے ہوش ہوگئیں۔ جب ہوش
میں آئیں تو فرمایا کہ میں نے عالمِ بے ہوشی میں سُنا
کہ میرے بابا فرمارہے ہیں:

اے میرے شیعوں۔!

جب بھی ٹھنڈا پانی پیو تو مجھ تشنہ لب کو یاد کرنا
جب بھی کسی مسافر و شہید کے بارے میں سنو
تو میری غربت پر گریہ کرنا۔۔

(معالی السبطین، جلد۲، ص۳۱۔ عزائے آلِ احمد، ص۳۳۰)

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین




## صاحبِ اولاد ہونے کا مجرّب نسخہ

بحارالانوار اور کامل الزّیارات میں ہے کہ جب امام حسینؑ کی شہادت کی خبر شہروں تک پہنچی تو ایک لاکھ بانجھ عورتیں آپ کی قبر کی زیارت کے لئے کربلا گئیں اور زیارت کی برکت سے سب کی سب صاحبِ اولاد ہو گئیں۔ (دنیا و آخرت کی سو پریشانیوں کا حل)

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین




# وہ دعا جو روزِ عاشور امام حسینؑ نے امام سجادؑ کو تعلیم کی تھی

شیخ عباس قمیؒ وقایع الایام میں فرماتے ہیں یہ وہ دعا ہے جو رسولؐ خدا نے جنگِ بدر اور جنگِ خندق کے موقع پر پڑھی تھی اور امام حسینؑ نے روزِ عاشور امام زین العابدینؑ کو سینے سے لگا کر یہ دعا تعلیم فرمائی تھی جو اہم حاجتوں، سخت مصیبتوں اور غم اندیشیوں کو دور کرنے کے لئے ہے۔

بِحَقِّ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَکِیْمِ وَبِحَقِّ طٰهٰ وَ الْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ

واسطہ دیتا ہوں یٰس و قرآنِ حکیم کا اور واسطہ دیتا ہوں طٰہٰ اور قرآنِ عظیم کا

یَامَنْ یَقْدِرُ عَلٰی حَوَائِجِ السَّائِلِیْنَ یَا مَنْ یَّعْلَمُ مَافِی الضَّمِیْرِ

اے وہ جو سوال کرنے والوں کی حاجتوں پر قادر ہے، اے وہ کہ جو دلوں کی باتیں جانتا ہے

یَامُنَفِّسًا عَنِ الْمَکْرُوْبِیْنَ یَا مُفَرِّجًا عَنِ الْمَغْمُوْمِیْنَ

جو دکھیاروں کے دکھ درد دور کرتا ہے اور غم زدوں کے غم مٹاتا ہے

یَارَاحِمَ الشَّیْخِ الْکَبِیْرِ یَا رَازِقَ الطِّفْلِ الصَّغِیْرِ

اے بوڑھے پر رحم کرنے والے، اے چھوٹے بچے کو روزی دینے والے

یَا مَنْ لَّا یَحْتَاجُ اِلَی التَّفْسِیْرِ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ وَافْعَلْ بِیْ کَذَا وَ کَذَا.

اے وہ جسے شرحِ بیان کی ضرورت نہیں رحمت فرما سرکارِ محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اور میری یہ حاجت قبول فرما (کذا و کذا کی جگہ اپنی حاجات ذکر کریں)۔

(بحار الانوار جلد 92 ، اصولِ کافی)

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

# زیارتِ عاشورا


شیخ عباس قمیؒ لکھتے ہیں کہ منقولہ زیارتوں میں
زیارتِ عاشورا کو خاص اہمیت حاصل ہے۔
یہ زیارت حدیثِ قدسی ہے جو خدا کی طرف سے جبرائیل علیہ السلام
کے توسّط سے رسولِ ﷺ اکرم پر نازل ہوئی ہے۔

(منتہی الامال، صفحہ ۸۴۵)

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین




+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim


السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim
حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا
لوگوں میں سب سے زیادہ
تعلق قائم رکھنے والا
وہ ہوتا ہے جو کسی کے
قطع تعلق کرنے پر
اُس سے تعلقات
بحال رکھتا ہے۔۔
(میزان الحکمۃ منتخب 72)
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین




+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim







+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim


السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
السلام علیک یا ابا عبد اللہ الحسین
یا ابا عبد اللہ
حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا
جو کسی مومن کے کرب و غم کو دور کرے
اللہ اُس کے دنیا و آخرت کے کرب و غم کو دور کر دے گا۔۔
www.facebook.com/madrasatulqaaim
(بحوالہ کتاب لمعان الحسینؑ ص16 آیت اللہ سید محمد حسن حسینی طہرانی)
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

السلام على الحسين و على علي بن الحسين و على أولاد الحسين و على أصحاب الحسين




+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین




+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین وعلی علی بن الحسین وعلی اولاد الحسین وعلی اصحاب الحسین




السلام علی الحسین وعلی علی ابن الحسین

وعلی اولاد الحسین وعلی اصحاب الحسین

امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ جو شخص پانی پی کر
امام حسین علیہ السلام اور اُن کے اہلبیت علیہم السلام کو یاد کرے
اور اُن علیہ السلام کے قاتلین پر لعنت کرے
تو اللہ تعالیٰ ایک لاکھ نیکیاں اُس کے نامۂ اعمال میں لکھے گا اور
ایک لاکھ گناہ مٹا دیگا اور ایک لاکھ درجے اُس کے بلند کرے گا
اور اُس کو اِس قدر ثواب ہوگا کہ گویا ایک لاکھ بندے اُس نے
خدا کی راہ میں آزاد کیئے اور اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اُس کو
خوشحال اور مطمئن محشور کرے گا۔ (کامل الزیارات ، ابن قولویہ)

اللّٰھُمَ العَن قتلۃ آلِ مُحمّد

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین

تمام مسلمانانِ عالم کو امام حسین علیہ السلام کی ولادت باسعادت مبارک ہو۔۔

حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا

لوگ دنیا کے غلام ہیں اور دین اُن کی زبانوں کیلئے ایک چٹنی ہے، جب تک (دین کے نام پر) معاش کا دارومدار ہے دین کا نام لیتے ہیں لیکن جب مصیبتوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں تو دینداروں کی تعداد بہت کم رہ جاتی ہے۔۔ (تحف العقول، ص۲۴۵)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)


www.facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین

# روزِ عاشورا زیارتِ امام حسین علیہ السلام کی فضیلت

امام محمدِ باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ جو شخص روزِ عاشورا امام حسین علیہ السلام کی زیات کرے اور اس کے ساتھ وہاں گریہ بھی کرے تو وہ روزِ قیامت خدا سے ملاقات کرے گا دو ہزار حج ، دو ہزار عمرہ ، دو ہزار جہاد کا ثواب رکھتے ہوئے کہ جن کا ثواب اُس شخص کے ثواب کے برابر ہو گا جس نے حج، عمرہ اور جہاد حضرت رسولؐ خدا اور آئمہ طاہرینؑ کے ساتھ ہو کر کیا ہو..

(مفاتیح الجنان)




MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین

حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا

ایسے کام نہ کرو جس کیلئے
معذرت کرنے کی ضرورت پیش آئے
کیونکہ مومن نہ تو گناہ اور نہ ہی عذر خواہی کرتا ہے
جبکہ منافق ہر روز گناہ بھی کرتا ہے
اور معذرت بھی کرتا ہے۔۔

(بحارالانوار جلد ۷۸ ص ۱۲۰)

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim


السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین
یا اباعبداللہ الحسین علیہ السلام
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا
جس کام کو کرنا چاہتے ہو، اُس کو اُس شخص کی طرح انجام دو جو یہ جانتا ہے کہ
ہر گناہ کی سزا ہے اور ہر نیکی کی جزا ہے۔۔
(بحارالانوار جلد 78)
حسین
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین

حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا

جو شخص اللہ کی نافرمانی کر کے
اپنا مقصد حاصل کرنا چاہتا ہے،
اُس کے حصولِ مقصد کا راستہ بند ہو جاتا ہے
اور وہ بہت جلد خطرات میں گھِر سکتا ہے۔۔

(تحف العقول)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین

حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

خبردار! تم ایسے لوگوں میں شامل نہ ہونا
جو دوسروں کے بارے میں
اُن کے گناہوں کی وجہ سے فکرمند ہوں
اور اپنے گناہوں سے غافل ہوں۔

(تحف العقول ص 273)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

# یا اباعبداللہ الحسین

ادرکنی

حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا

## قیامت میں کسی کو امان نہیں ہے مگر وہ جو دنیا میں خوفِ خدا دل میں رکھتا ہو۔۔

(مناقب ابن شہر آشوب جلد ۴ ص 69)

## خوفِ خدا سے گریہ کرنا آتشِ جہنم سے نجات کا سامان ہے۔۔

(جامع الاخبار ص97)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

السلام علی الحسین و علی علی بن الحسین و علی اولاد الحسین و علی اصحاب الحسین

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

# حسین

حضرت امام حسین علیہ السلام نے فرمایا

## جو کسی مومن کی کرب و بے چینی دور کرے
## اللہ اُس کی دنیا و آخرت کی بے چینی دور کر دیتا ہے۔۔

(بحار الانوار جلد ۷۸ ص ۱۲۱)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim